# 2021–2022 اسکول/والدین کے لیے رہنما برائے ایلیمنٹری اسکول میں ترقی کی پالیسی

Chicago Public Schools

بنچ مارک گریڈز، 3، 6 اور 8 (بورڈ کی پالیسی کی قرار داد 21-0922-RS)

**گریڈز 3، 6 اور 8** میں زیر تعلیم طلبہ کے لیے ترقی کے فیصلے جون کے دوسرے ہفتے کے دوران کیے جائیں گے۔ ترقی کی حالت اور قابل اطلاق سمر اسکول کے تقاضے (تقاضوں) کا تعین طالب علم کی علمی کارکردگی کے لحاظ سے کیا جائے گا۔ طالب علم کی ترقی کی حالت اور قابل اطلاق سمر اسکول کے تقاضے (تقاضوں) کا تعین کرنے کے لیے، براہ کرم ذیل کی گرڈ دیکھیں: اس کے علاوہ، تمام طلبہ پر امریکی آئین اور ریاست الّینوائے کے آئین کے امتحانات میں 8th گریڈ ڈپلوما حاصل کرنے کے لیے پاسنگ اسکور حاصل کرنا لازم ہے۔ **معذور طلبہ اور انگریزی متعلمین (English Learners, ELs) کے سلسلے میں اضافی معلومات کے لیے براہ کرم عقبی سمت دیکھیں۔**

| علمی کارکردگی | جون میں حصولیابی کی سطح | سمر اسکول کی حالت اور تقاضہ (تقاضے)<br>3 سے زائد بلا عذر غیر حاضریاں نہ ہوں | سمر اسکول کی حتمی حصولیابی کی سطح | حتمی ترقی کی حالت |
|---|---|---|---|---|
| SY22 میں مطالعہ **اور** ریاضی میں "C" یا اس سے اوپر کے حتمی رپورٹ کارڈ گریڈز | **1A** | **سمر اسکول مطلوب نہیں ہے**<br>• جون میں اگلے گریڈ میں ترقی<br>• جون میں حصول سند کی تقریب میں شرکت (گریڈ 8) | | |
| SY22میں مطالعہ **یا** ریاضی **یا** دونوں میں حتمی رپورٹ کارڈ گریڈ میں ناکام اور SY21 میں مطالعہ **یا** ریاضی **یا** دونوں میں "C" یا اس سے اوپر کے حتمی رپورٹ کارڈ گریڈز | **1B** | **سمر اسکول مطلوب نہیں ہے**<br>• جون میں اگلے گریڈ میں ترقی<br>• جون میں حصول سند کی تقریب میں شرکت (گریڈ 8) | | |
| SY22اور SY21 میں مطالعہ **یا** ریاضی **یا** دونوں میں حتمی رپورٹ کارڈ گریڈ "C" سے نیچے | **2A** | **سمر اسکول مطلوب ہے**<br>• مضمون (مضامین) میں "C" یا اس سے اوپر کا حتمی سمر اسکول گریڈ نیز حتمی رپورٹ کارڈ گریڈ "C" سے نیچے | **اطمینان بخش طور پر مکمل کیا** | **تعاون سے ترقی دی گئی**<br>• ترقی یافتہ 8th گریڈ کے طلبہ کو ڈپلوما موصول ہوتا ہے |
| | | | **اطمینان بخش طور پر مکمل نہیں کیا** | **ذاتی آموزشی منصوبے کے ساتھ برقرار رکھا گیا** |

**ترقی کا معیار**

طالب علم کی ترقی کی حالت کا تعین درج ذیل پیمانوں سے ہوتا ہے:

علمی کارکردگی

- مطالعہ اور ریاضی میں رپورٹ کارڈ گریڈز طالب علم کے یونٹ ٹیسٹ کے اسکور اور تعلیمی سال کے دوران ہوم ورک اسائنمنٹ کی تکمیل کی عکاسی کریں گے۔ ہر مضمون میں **حتمی رپورٹ کارڈ گریڈ** رپورٹنگ کی ہر چار مدت کے اختتام پر رپورٹ کردہ گریڈز کا اوسط ہوتا ہے۔

---

میں، ______________ (طالب علم کا نام جلی حروف میں) کے والدین یا سرپرست، نے **2021–2022 اسکول/والدین کے لیے رہنما برائے ایلیمنٹری اسکول میں ترقی کی پالیسی (بورڈ کی پالیسی کی قرار داد 21-0922-RS) کو موصول کر اور پڑھ لیا ہے۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ اس دستاویز پر دستخط کر کے، میں ترقی کے معیار کو سمجھتا ہوں جس کی اسکول انتظامیہ اور/یا عملہ نے میرے سامنے وضاحت کر دی ہے**، اس کے علاوہ، میں ترقی کے تقاضے حاصل کرنے میں اپنے بچے کا تعاون کروں گا اور اس ہدف کے حصول میں اسکول کے ساتھ کام کرنے کی پوری کوشش کروں گا۔

اسکول______________ گریڈ ______________ کمرہ نمبر ______________

والدین/سرپرست کے دستخط ______________ تاریخ ______________

**براہ کرم دستخط کردہ وصولیابی رسید اپنے بچے کے اسکول کو واپس بھیجیں۔**

# 2021–2022 اسکول/والدین کے لیے رہنما برائے ایلیمنٹری اسکول میں ترقی کی پالیسی

بنچ مارک گریڈز، 3، 6 اور 8 (*بورڈ کی پالیسی کی قرار داد 21-0922-RS*) **cps.edu/academics/getting-to-the-next-grade/**

**معذور طلبہ کے لیے ترقی کا معیار**

انفرادی تعلیمی پروگرام (Individualized Education Program, IEP) کے تحت خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات موصول کرنے والے معذور طلبہ سے اپنی ہی عمر، اسی گریڈ کے، غیر معذور ہم عمروں کی طرح ترقی کے انہی معیارات کو پورا کرنے کی توقع کی جاتی ہے الّا یہ کہ ترقی کا معیار جزوی یا کلی طور پر تبدیل ہو جائے (اس میں IEP والے انگریزی متعلمین شامل ہیں)۔ معذور طلبہ کے لیے ترقی کے معیار کے سلسلے میں سوالات کے لیے، براہ کرم دفتر *برائے* متنوع متعلم کے *لیے تعاون اور* خدمات *(Office of Diverse Learner Supports and Services)* کو 553-1800 (773) پر کال کریں۔

**انگریزی متعلمین کے لیے ترقی کا معیار**

تعلیمی سال 2021-2022 میں انگریزی متعلمین کے لیے ترقی کا علیحدہ معیار نہیں ہے۔ تاہم، اسکولوں پر یہ یقینی بنانا لازم ہے کہ انگریزی میں پوری طرح سے ماہر نہیں ہونے پر Els پر برجانہ عائد نہ کیا جائے (ضلع کی دو لسانی تعلیمی پالیسی (603.1) دیکھیں)۔ ذیل کے ملاحظات یہ یقینی بنانے کے ضمن میں کام کریں گے کہ Els کو تفویض کردہ گریڈز مناسب ہیں:

- طلبہ لازماً EL پروگرام اور انگریزی زبان کی مہارت کے لیے مناسب بنیادی مضامین میں تدریس حاصل کریں۔
  - اگر خود مشمولہ TBE یا TPI کلاس رومز/کورسز پیش نہیں کیے جاتے ہیں تو، مطلوبہ تدریس اور تعاون TBE یا TPI کے شراکتی تدریسی ڈیزائن کے ذریعے فراہم کرنا ضروری ہے۔
  - شراکتی کلاس روم/کورس ٹیچر اور EL ٹیچر پر گریڈز تفویض کرتے وقت باہمی شراکت کرنا لازم ہے۔
- کلاس روم کے اسائنمنٹس لازماً اس زبان میں دیے جائیں جو تدریس کی مطلوبہ زبان سے ہم آہنگ ہوں۔
- انگریزی میں بندوبست کردہ کلاس روم کے اسائنمنٹس لازماًEL کے ساتھ مخصوص سہولیات کی سہولت دیں تاکہ تشخیص کے اہداف اور مواد کی جانکاری یقینی بنائی جائے۔ WIDA کے انگلش لینگویج ڈویلپمنٹ اسٹینڈرڈز (English Language Development Standards) اور کین ڈو ڈسکرپٹرز (Can Do Descriptors) کا استعمال طلبہ کی لسانی مہارتوں کا اور مواد کی جانکاری کا مظاہرہ کرنے کے لیے درکار سہولیات/تعاون کی سطح کا تعین کرنے کے لیے ہونا چاہیے۔

**سمر اسکول کی اطمینان بخش تکمیل**

- سمر اسکول کی اطمینان بخش تکمیل کے لیے، طالب علم پر سمر اسکول کے رپورٹ کارڈ پر پاسنگ گریڈ (گریڈز) حاصل کرنا اور زیادہ سے زیادہ **3 بلا عذر غیر حاضری** کا حاضری ریکارڈ رکھنا لازم ہے۔

**برقراریت**

ایک طالب علم جو تعلیمی سال کے دوران پاس نہ ہونے والے مضمون(مضامین) میں کم از کم ایک C حاصل کرکے تسلی بخش طریقے سے سمر اسکول مکمل نہیں کرتا ہے تو اسے اس کے موجودہ گریڈ میں برقرار رکھا جائے گا اگر یہ موجودہ گریڈ سائیکل میں پہلی بار برقرار رکھا گیا ہے۔

**1 ستمبر 2022 کو یا اس سے پہلے 15 کا ہونے والے طلبہ (عمر کا دور 15)**

اگر طالب علم کی عمر **1 ستمبر 2022** کو یا اس سے پہلے 15 سال ہے اور اس نے 8th گریڈ میں ترقی کا معیار پورا نہیں کیا ہے تو، وہ طالب علم ایک سمر ایکسلریشن (Summer Acceleration) پروگرام کی کامیاب تکمیل پر ایلیمنٹری ڈپلوما حاصل کر سکتا ہے۔ **6th اور 7th گریڈز میں زیر تعلیم عمر کے دور 15 والے طلبہ پر سمر ایکسلریشن پروگرام میں حاضر ہونا لازم ہے۔**

**والدین کی ترقی کے لیے اپیل**

سمر اسکول کی تکمیل پر، برقرار رکھے گئے طلباء کے والدین/سرپرستوں کے پاس ہوم اسکول سے پروموشن ڈیٹرمینیشن نوٹس موصول ہونے کے بعد پانچ (5) دن ہوں گے کہ وہ اضافی نظرثانی کے لیے ایک تحریری درخواست (اپیل) جمع کرائیں جیسا کہ اپیل ریویو کمیٹی ٹیچنگ اینڈ لرننگ کے چیف آفیسر نے نامزد کیا ہو۔

**ایلیمنٹری اسکول کی ترقی کی پالیسی (بورڈ کی پالیسی کی قرار داد 21-0922-RS) کے سلسلے میں سوالات کے لیے، براہ کرم اپنے ISP، نیٹ ورک آفس یا *دفتر تدریس و آموزش (Office of Teaching and Learning)* کو 553-2535 (773) پر کال کریں۔**